## صاف وشفاف اور بے داغ لوگ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کررہے ہیں، الطاف حسین

## ایک دن آئے گا جب پوری دنیا دیکھ لے گی کہ شفاف اور بے داغ لوگ صرف متحدہ قومی موومنٹ میں ہی موجود ہیں

## ملک وقوم کواندرونی وبیرونی سازشوں کا سامنا ہے اور پاکستان کا ایک صوبہ بلوچستان علیحدگی کے دہانے پر کھڑا ہے

## محبّ وطن پاکستانیوں کو فیصلہ کرنا چاہئے کہ وہ پاکستان کی ڈوبتی ہوئی کشتی کا تماشا دیکھتے رہیں گے یا اسے بچانے کی کوشش کریں گے

## محنت ولگن اور ایمانداری سے کام کرنے والے حق پرست عوام ایم کیوایم میں شامل ہوکر پاکستان اوراس کے عوام کو بچائیں

## ایم کیوایم میں شمولیت کرنے والے معروف تاجر وصنعتکار فیروز عالم لاری، عثمان علی، صادق محمد اور ریحان ذیشان سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن:۔۔۔۔11فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان میں درجنوں سیاسی جماعتیں موجود ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ صاف وشفاف اور بے داغ لوگ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کررہے ہیں جبکہ داغدار اور غلاظت سے آلودہ لوگ داغدار جماعتوں میں جارہے ہیں، انشاءاللہ ایک دن آئے گا جب پوری دنیا دیکھ لے گی کہ صاف وشفاف اور بے داغ لوگ صرف متحدہ قومی موومنٹ میں ہی موجود ہیں۔انہوں نے محنت ولگن اور ایمانداری سے کام کرنے والے ملک بھر کے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ آگے بڑھیں اور ایم کیوایم میں شامل ہوکر پاکستان اور اس کے عوام کو بچائیں ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیزآباد میں معروف تاجر وصنعتکار فیروز عالم لاری،عثمان علی،صادق محمد اور ریحان ذیشان سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اور انہیں ایم کیوایم میں شمولیت پر مبارکباد پیش کی ۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست عوامی نمائندوں کے علاوہ معروف صنعتکار میاں محمد عتیق اور بانٹوا کمیونٹی کے چیئرمین عبدالعزیز بانٹوا بھی موجود تھے ۔

جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے تاجروں اور صنعتکاروں سے فکرانگیز گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج پاکستان انتہائی نازک دور سے گزررہا ہے، ملک وقوم کواندرونی وبیرونی سازشوں کا سامنا ہے ایسے میں جبکہ آدھا ملک ٹوٹ چکا ہے اور پاکستان کا ایک صوبہ بلوچستان علیحدگی کے دہانے پر کھڑا ہے،تمام محبّ وطن پاکستانیوں کوسوچنا، سمجھنا اور فیصلہ کرنا چاہئے کہ وہ پاکستان کی ڈوبتی ہوئی کشتی کا تماشا دیکھتے رہیں گے یا اسے بچانے کی کوشش کریں گے ۔انہوں نے شمولیت اختیار کرنے والوں سے مزید کہا کہ آپ کے سامنے کئی آپشن موجود تھے، آپ اپنے وقتی فائدے اور مفادات کیلئے بہتی گنگا میں ہاتھ دھوسکتے تھے لیکن آپ نے اپنے ظرف وضمیر کی آواز پر سچا اور حق پرستی کا راستہ اختیار کیا ہے۔حق پرستی کا راستہ ان لوگوں کا راستہ ہے جنہوں نے اپنے گھر مٹا کر اور 20لاکھ جانوں کی قربانیاں دیکر نیا گھر پاکستان تعمیر کیا۔ پاکستان کی بنیادوں کو دیمک کی طرح چاٹنے والوں نے اسے دولخت کردیا اور آج خاکم بہ دہن باقیماندہ ملک کی سلامتی وبقاء خطرے میں نظر آرہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹوٹتے اور بکھرتے گھر کو دیکھ کر سب سے زیادہ تکلیف اسے ہی ہوتی ہے جو سرد وگرم موسموں اور آگ وخون کے دریاؤں کی پرواہ کئے بغیر گھر تعمیر کرتا ہے اور ایسے ہی لوگ ٹوٹتے اور بکھرتے گھر کو بچا سکتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ فطری تقاضے ہیں کہ ہر جاندار اپنے جیسے جاندار کے ساتھ رہنا، اٹھنا، بیٹھنا اور کھانا پینا پسند کرتا ہے اور اسی طرح انسان بھی اپنے ہی جیسے انسانوں میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ جس طرح جانوروں کی مختلف اقسام ہوتی ہیں اسی طرح انسانوں کی بھی مختلف اقسام ہوتی ہیں جن میں ایک قسم کے انسان بے ایمان، چور اور اچکے ہوتے ہیں جبکہ دوسری قسم کے انسان ایماندار، فرض شناس اور دیانتدار ہوتے ہیں۔انسانوں کی یہ قسم جن کے خمیر میں ایمانداری، محنت، لگن اور دیانتداری ہوتی ہے وہ اپنے جیسے ہی گروہ میں جانا پسند کرتے ہیں خواہ انہیں کتنی ہی دشواریوں اور مشکلات کا سامنا ہی کیوں نہ کرنا پڑے جبکہ حیوانی جبلت رکھنے والے افراد جو اپنے مطلب کیلئے طاقت اور اختیار کے بل پر جسے چاہیں چیر پھاڑ کر کھا جاتے ہیں وہ اپنے ہی جیسے حیوانی جبلت رکھنے والے افراد میں شامل ہونا پسند کرتے ہیں۔انہوں نے تاجروں اور صنعتکاروں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے اس کی پرواہ نہیں کی کہ کون چور، اچکے اور لٹیرے کون کون سی جماعتوں میں سینکڑوں کی تعداد میں شامل ہورہے ہیں بلکہ آپ نے اپنے ظرف اور ضمیر کے مطابق حق پرستی کا راستہ چنا کہ آپ جھوٹے اور فریبی لوگوں میں جانا پسند نہیں کریں گے خواہ اس کے نتائج کچھ بھی برآمد کیوں نہ ہوں بلکہ آپ پاکستان سے محبت کرنے اور پاکستان کو بچانے والے ایماندار اور محنتی لوگوں کے ساتھ جانا پسند کریں گے جو اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ ایماندار لوگ ایمانداروں اور بے ایمان لوگ بے ایمانوں کے ساتھ ہی جایا کرتے ہیں۔انشاءاللہ ایک دن آئے گا جب پوری دنیا دیکھ لے گی کہ صاف وشفاف اور بے داغ لوگ صرف متحدہ قومی موومنٹ میں ہی موجود ہیں۔انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ ابتداء میں جب آسمان سے پانی برستا ہے تو وہ صاف وشفاف ہوتا ہے لیکن نیچے آتے آتے فضا میں موجود آلودگی کے باعث اس میں ملاوٹ ہوجاتی ہے اور آسمان سے برسنے والا پانی شفاف نہیں رہتا بلکہ آلودہ ہوجاتا ہے لیکن جب گرد بیٹھ جاتی ہے تو اس کے بعد وہ پانی شفاف ہوجاتا ہے اسی طرح ایم کیوایم میں بھی شفاف لوگ شامل ہورہے ہیں۔یہ کلیہ ہے کہ اچھائی اچھائی کے پاس جاتی ہے جبکہ برائی ، برائی سے مل جایا کرتی ہے۔آج فضائیں، ہوائیں اور زمین وآسمان ، پاکستان اور دنیا بھر کے عوام دیکھ لیں کہ

پاکستان میں درجنوں جماعتیں موجود ہیں لیکن اللہ کا کرم ہے کہ بے داغ ،سیلف میڈ اور اپنی محنت سے مقام حاصل کرنے والے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کررہے ہیں جبکہ چوری چکاری اور بے ایمانی کرنے والے داغدار لوگ داغدار جماعتوں میں شامل ہورہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں موم جیسے نازک لوگ بھی آئیں تو وہ سخت حالات اور باطل قوتوں کے مظالم کا ہمت وجرات سے سامنا کرتے ہیں اور حالات کے جبر کا سامنا کرتے کرتے فولاد کی طرح مضبوط ہوجاتے ہیں ۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے تاجروں سے کہا کہ آپ لوگوں نے بہت جراتمندانہ فیصلہ کیا ہے جس پر میں آپ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں ۔اللہ اور اس کا رسولؐ جانتا ہے کہ آپ کا فیصلہ حق پرمبنی ہے اور حق وصداقت کی پہچان یہی ہے کہ اس کا راستہ آسان نہیں بلکہ سخت مشکل اور کھٹن ہوتا ہے ۔جھوٹ ،مکر اور فریب جلدی پھیل جاتا ہے جبکہ حق اور سچ کے فروغ میں دیرلگتی ہے لیکن جولوگ حالات کے جبر اور حق پرستی کی راہ میں آنے والی مشکلات کا ہمت وجرات اور ثابت قدمی سے سامنا کرتے ہیں اور اپنے مشن پر ڈٹے رہتے ہیں ایک دن فتح اور منزل ان کا مقدر بن جایا کرتی ہے کیونکہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ ’’بے شک حق آنے اور باطل مٹ جانے کیلئے ہے‘‘۔ انہوں نے حق پرست تاجروں اور صنعتکاروں سے کہا کہ آپ پاکستان کو بچانے ،ملک کے گلے سڑے فرسودہ نظام اور اسٹیٹس کو،کو توڑنے اور ملک کے کچلے ہوئے عوام کی خدمت کرنے کیلئے بھرپور طریقے سے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لاکر ملک وقوم کی خدمت کریں ۔پاکستان کے گلے سڑے جاگیردارانہ نظام اور اسٹیٹس کو کو تبدیل کرکے ملک میں مثبت ،روشن خیال اور جمہوری مملکت کے قیام کیلئے جدوجہد کرکے قائداعظم محمد علی جناح ،خان لیاقت علی خان شہید اور شاعر مشرق علامہ اقبال کے خوابوں کی تعبیر کو عملی جامہ پہنائیں ۔انہوں نے محنت ولگن اور ایمانداری سے کام کرنے والے ملک بھر کے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ آگے بڑھیں اور ایم کیوایم میں شامل ہوکر پاکستان اور اس کے عوام کو بچائیں
۔

**بزنس کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی معروف شخصیات فیروز عالم لاری،سعید عثمان،صادق محمد اور محمد ریحان ذیشان نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی**

**ایم کیوایم ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے جدوجہد کررہی ہے ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے ایم کیوایم کا ساتھ دینا ہوگا**

**ملک کی آزادی،خودمختاری کا انحصار اس ملک کی معاشی آزادی اور خودمختاری پر ہوتا ہے**

**ملک کو مضبوط ومستحکم بنانے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں پر لازم ہے کہ وہ معیشت کو مضبور کریں**

**قائد تحریک الطاف حسین کا وژن پاکستان کے معاشی مسائل کا حل ہے،ڈاکٹر فاروق ستار**

**شمولیت اختیار کرنے والے صنعتکاروں کے تاثرات،ڈاکٹر فاروق ستار نے شمولیت کا خیر مقدم کیا اور خوش آمدید کہا**

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

بزنس کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی معروف شخصیات فیروز عالم لاری،سعید عثمان،صادق محمد اور محمد ریحان ذیشان نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت اور فکر وفلسفے پر اعتماد کا اظہار کیا ہے اور پاکستان کی بقاء تعمیر وترقی کیلئے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد اور پالیسیوں سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں باقاعدہ شمولیت اختیار کرلی ہے۔ایم کیوایم میں شمولیت کا باقاعدہ اعلان انہوں نے ہفتے کو رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر محمد فاروق ستار اور محترمہ نسرین جلیل کے ہمراہ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر صنعت وتجارت کے صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی ،صوبائی وزیر عادل صدیقی اور راولپنڈی چیمبر آف کامرس کے چیئرمین میاں عتیق بھی موجود تھے۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے معروف صنعتکاروں فیروز عالم لاری ،سیٹھ سعید عثمان ،محمد صادق اور ریحان ذیشان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بزنس کمیونٹی کو کمزور اور ڈرپوک سمجھا جاتا ہے لیکن آج وقت کی ضرورت ہے کہ ملک کی بقاء وسلامتی اور ترقی کیلئے ہمیں ایم کیوایم کا کھل کر ساتھ دینا ہوگا۔ہم صنعتکار عرصہ دراز سے متحدہ قومی موومنٹ کے ہمدردوں میں شامل تھے اور وقتاً فوقتاً خدمت خلق فاؤنڈیشن سمیت تنظیم کے دیگر فلاحی وامدادی سرگرمیوں میں بھی اپنا کردار ادا کرتے رہے ہیں لیکن پاکستان کی کمزور ہوتی ہوئی معیشت نے ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کردیا ہے کہ اب اگر ہم نے پوری قوت کے ساتھ متحدہ قومی موومنٹ کو مستحکم نہ کیا تو پاکستان کے معاشی حب کراچی کا کوئی پرسان حال نہیں ہوگا کیونکہ مسلسل کئی برسوں سے تباہ ہوتے ہوئے معاشی ڈھانچے کو بچانے کیلئے قائد تحریک الطاف حسین نے ہر ہر قدم پر صنعتکاروں کا نہ صرف حوصلہ بڑھایا بلکہ جس قدر عملی مدد ممکن تھی اس میں ہمیشہ پیش پیش بھی نظر آئے خود قائد تحریک الطاف حسین ہمیشہ صنعت کاروں سے رابطے میں رہے اور بدترین حالات میں ان کا حوصلہ بڑھاتے رہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمارے خوابوں کی تعبیر ہی نہیں بلکہ ہمارے بچوں کا مستقبل بھی اس سے وابستہ ہے اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور اس کی بقاء وسلامتی کیلئے ہم ایم کیو ایم کے ساتھ مل کر ہر اس کام کو کرنے کیلئے عملی طور پر تیار ہیں جو پاکستان کی مضبوطی اور بقاء وسلامتی کی ضمانت فراہم کرسکے۔انہوں نے کہا کہ ہم ببانگ دہل اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی وہ واحد جماعت ہے جو اس وقت ملکی معیشت خصوصاً صنعتوں کو مستحکم کرکے

خوشحال پاکستان کی ضمانت فراہم کرسکتی ہے۔ہم بہتر صنعتی مستقبل اور ملک وقوم کی ٹھوس بنیادوں پر خدمت کرنے کا جذبہ اور قائد تحریک جناب الطاف حسین پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں اپنی شمولیت کا اعلان کرتے ہیں کیونکہ متحدہ قومی موومنٹ وہ واحد جماعت ہے جو اپنے مستحکم جمہوری رویوں اور پختہ ارادوں، مہذب اور پڑھے لکھے باصلاحت نمائندوں کے ساتھ پوری قوم کا درد سمیٹے مشکلات سے نبرد آزما ہے۔پریس کانفرنس میں راولپنڈی چیمبر آف کامرس کے چیئر مین میاں عتیق نے صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ملک کو کوئی بچا سکتا ہے تو وہ صرف اور صرف قائد تحریک الطاف حسین بچا سکتے ہیں۔قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ یہ بات سب کے علم میں ہے کہ صنعت وتجارت کسی بھی ملک کی قومی زندگی کے اہم شعبے ہوتے ہیں اور کسی بھی ملک کی آزادی، خودمختاری کا انحصار اس ملک کی معاشی آزادی اور خودمختاری پر ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ دور سیاسی معیشت کا دور ہے جہاں معیشت سیاست کی رہنمائی کرتی ہے اب وہ دور گئے جب سیاست معیشت پر سوار ہوتی تھی۔آنے والے وقت میں ملک کو مضبوط و مستحکم بنانے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں پر لازم ہے کہ وہ معیشت کو مضبوط کریں اور ایسے پروگرام ترتیب دیں جو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہوں اور جن سے خوداعتمادی پروان چڑھے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا وژن پاکستان کے معاشی مسائل کا حل ہے، معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے ایم کیوایم شروع دن سے کام کررہی ہے اور انشاء اللہ اس کے مثبت نتائج عوام کے سامنے آنا شروع ہوجائیں گے۔اس سے قبل ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں کا کارکنان کی جانب سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔اس موقع پر نائن زیرو اور قرب وجوار کی فضاء جئے الطاف حسین، جئے متحدہ اور ایم کیوایم کے نعروں سے گونج اٹھی۔

## سپریم کورٹ کے چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری اے این پی کے سینیٹر الیاس بلور کے بیان کا سختی سے نوٹس لیں، مظہر حسین

## سینیٹر الیاس بلور اور اے این پی کو دہشت گرد جماعت قرار دیکر اس پر پابندی عائد کی جائے

## الیاس بلور نے اعتراف کیا ہے کہ کراچی میں قتل وغارتگری، لوٹ مار اور خواتین کی بے حرمتی کے جتنے واقعات ہوئے وہ اے این پی نے ایم کیوایم کو سبق سکھانے کیلئے کئے

## سینیٹر الیاس بلور کے اعترافی بیان پر ایم کیوایم کی صوبائی کمیٹی پنجاب کے رکن مظہر حسین کا تبصرہ

کراچی:۔۔۔11، فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ پاکستان لیبر ڈویژن کے سابق جوائنٹ انچارج اور ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے رکن مظہر حسین نے عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، وفاقی وزیر ریلوے غلام احمد بلور کے سگے بھائی سینیٹر الیاس بلور کے اس بیان پر کہ ''عوامی نیشنل پارٹی نے کراچی میں ایم کیوایم کو نکیل ڈالی ہے، کسی سندھ کے جاگیردار وڈیرے نے نہیں ڈالی'' پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بیان اے این پی کے گھناؤنے عزائم کا کھلا ثبوت ہے جس میں انہوں نے اعتراف کیا ہے کہ کراچی میں قتل وغارتگری، لوٹ مار اور خواتین کی بے حرمتی کے جتنے واقعات ہوئے ہیں وہ اے این پی نے ایم کیوایم کو سبق سکھانے کیلئے کئے ہیں۔الیاس بلور کے اس کھلے اعترافی بیان کے بعد اے این پی کے رہنما جتنی بھی وضاحتیں پیش کریں وہ اعتراف جرم کی تلافی نہیں کرسکتے۔مظہر حسین نے کہا کہ اے این پی کا اصل چہرہ، اس کا کردار اور کراچی کے معصوم عوام کیلئے بنایا گیا اس کا گھناؤنا اور وحشیانہ منصوبہ اب کھل کر سامنے آچکا ہے لہٰذا سپریم کورٹ کے چیف جسٹس محترم افتخار محمد چوہدری کے فرض منصبی اور انکے ضمیر کا تقاضہ ہے کہ وہ الیاس بلور کے شرانگیز بیان کا سختی سے نوٹس لیں اور آئین وقانون کے مطابق اس کا فیصلہ کیا جائے تاکہ کراچی سمیت ملک بھر کے عوام کو بھی پتہ چل سکے کہ کراچی میں ٹارگٹ کلنگ اور نہتے معصوم مہاجروں کی بستیوں پر آگ اور خون کی ہولی کھیلنے میں اس متعصّبانہ جماعت نے کیسا گھناؤنا کردار ادا کیا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ سینیٹر الیاس بلور اور ان کی جماعت اے این پی کو دہشت گرد جماعت قرار دیکر اس پر پابندی عائد کی جائے۔مظہر حسین نے چیف جسٹس جناب افتخار محمد چوہدری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تین کروڑ مہاجر عوام کے علاوہ ملک کے کروڑوں حق پرست عوام آپ کے فیصلے کے منتظر ہیں۔انہوں نے چیف جسٹس جناب افتخار محمد چوہدری کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ تاریخ کے اوراق دیکھ کر وہ اس بات کی بھی تصدیق کرسکتے ہیں کہ عوامی نیشنل پارٹی اور اس کے رہنماء پاکستان بنانے کے بھی سخت مخالف تھے۔

## عوام وکارکنان بلقیس اختر کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، جناب الطاف حسین کی اپیل

لندن:۔۔۔11 فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے میر پور خاص زون یونٹ D-2 کے کارکن بابر میسرانی کی والدہ محترمہ بلقیس اختر کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ محترمہ بلقیس اختر کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## کارکنان سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11 فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لاڑکانہ زون یونٹ سٹی B کے جوائنٹ انچارج مشتاق علی عباسی کی والدہ محترمہ مسمات اسلام خاتون، ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی بن قاسم سیکٹر یونٹ رزاق آباد کے کارکن محمد حنیف جوکھیو کی زوجہ غلام فاطمہ اور لاڑکانہ زون کے کارکن نعیم احمد شیخ کی ہمشیرہ مسمات آفتاب احمد شیخ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حضور اکرم ﷺ نے مساوات، اتحاد و یکجہتی کا درس دیا، آج مسلمانوں کی پستی کی وجہ حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا نہ ہونا ہے۔شیخ محمد افضل
## قائد تحریک کی خطبہ حجۃ الوداع کی مکمل پیروی کی بدولت آج متحدہ قومی موومنٹ میں پاکستان کی تمام لسانی اکائیوں، مذاہب اور فقہوں کے لوگ موجود ہیں
## اے پی ایم ایس او سیکٹر ڈی کے تحت منعقدہ محفل ذکرِ مصطفیٰ ﷺ ومقابلہ حسنِ نعت ﷺ سے شیخ محمد افضل ودیگر مقررین کا خطاب

کراچی۔۔۔11 فروری 2012

حق پرست صوبائی وزیر برائے ماحولیات شیخ محمد افضل نے کہا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا جبکہ آپ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ تمام انسانیت کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ان خیالات کا اظہار انھوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیکٹر ڈی کے تحت گورنمنٹ زمان آباد انٹرمیڈیٹ کالج لانڈھی میں منعقدہ محفل ذکرِ مصطفیٰ ﷺ ومقابلہ حسنِ نعت ﷺ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر حق پرست اراکین اسمبلی عامر معین پیرزادہ، خالد افتخار، پرنسپل پروفیسر جاوید صاحب، اے پی ایم ایس او کے وائس چیئرمین راحیل احمد، سیکریٹری جنرل توصیف اعجاز، مرکزی فنانس سیکریٹری امر قائمخانی، سیکٹر ڈی کے ذمہ داران وکارکنان اور اساتذہ کرام سمیت طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد موجود تھی۔انھوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے خود حضورِ اکرم ﷺ کا ذکر بلند فرمایا ہے تو ایسا قطعی ممکن نہیں کہ کسی ایک محفل میں آپ ﷺ کا ذکر مکمل بیان ہو سکے، آپ ﷺ نے شخصی بنیادوں پر فوقیت دیے جانے کو ناپسند فرمایا اور آپس میں مساوات، اتحاد ویکجہتی کا درس دیا، آج مسلمانوں کی پستی کی وجوہات حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا نہ ہونا ہے۔انھوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات حقیقی معنوں میں حضور اکرم ﷺ کے خطبہ حجۃ الوداع کی مکمل پیروی ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج متحدہ قومی موومنٹ میں پاکستان کی تمام لسانی اکائیوں، مذاہب اور فقہوں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں اور روز بروز ان کی تعداد میں اضافہ بھی ہو رہا ہے۔بعد ازاں مقابلۂ حسنِ نعت ﷺ میں اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔یاد رہے کہ مقابلۂ حسنِ نعت ﷺ میں چالیس سے زائد نعت خواں طلبہ وطالبات نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں ہدیہ عقیدت پیش کیا جبکہ جیوری کے فرائض معروف نعت خواں حافظ شیراز عطاری، علامہ صاحبزادہ عبدالوارث قادری اور عابد علی امنگ نے انجام دیئے۔

## معاشرے کی ترقی وکامیابی میں خواتین کا اہم ترین کردار ہے، رشید خان، بشپ جاوید انجم

## ملک بھر میں تعلیمی اداروں کا جال بچھایا جائے جہاں پیشہ وارانہ فنی تعلیم کو فروغ دیا جائے

## خواتین 19 فروری 2012ء کو باغ جناح میں ہونیوالے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں، اپیل

## لیاقت آباد ٹاؤن حسن کالونی کرسچن آبادی اور گلشن اقبال ٹاؤن پی آئی بی کرسچن آبادی میں خواتین کی کارنرمیٹنگز سے اظہار خیال

کراچی۔۔۔۔11 فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام ملک گیر رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں لیاقت آباد ٹاؤن میں حسن کالونی کرسچن آبادی اور گلشن اقبال ٹاؤن میں پی آئی بی کرسچن آبادی میں خواتین کی علیحدہ علیحدہ کارنرمیٹنگز کا انعقاد کیا گیا۔جس میں ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کونسل رشید خان، شعبہ اقلیتی امور کے جوائنٹ انچارجز بشپ جاوید انجم، گوسوامی وجے مہاراج، کمیٹی ممبران پطرس مسیح، منور جان، اور شعبہ اقلیتی امور کی محترمہ سلمٰی شہزادا اور پی آئی بی سیکٹر ممبر شعبہ خواتین محترمہ شہناز نے اظہار خیال کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر شعبہ خواتین کی یونٹ انچارج محترمہ نسیم یعقوب، جوائنٹ انچارج محترمہ نائیلہ رفیق، لیاقت آباد ٹاؤن اور گلشن اقبال ٹاؤن ویوسی کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ خواتین کی بڑی تعداد موجود تھی ۔کارنرمیٹنگز میں مقررین نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتی برادری کو جب کسی نے مذہبی وسیاسی تفریق کی بنیاد پر ظلم وستم کا نشانہ بنانے کی کوشش کی تو صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین نے تعصبی ذہنیت اور فرسودہ نظام کے ٹھیکیداروں کو منہ توڑ جواب دیا، معاشرے کی ترقی وکامیابی میں خواتین کا اہم ترین کردار ہے یہی وجہ ہے کہ جناب الطاف حسین ہمیشہ خواتین کو بلاتفریق قوم و مذہب صرف انسانیت کے ناطے برابری کی بنیاد پر حقوق دلانے کی بات کرتے ہیں، ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم میں تمام قومیتوں اور مذاہب سے سے تعلق رکھنے والی خواتین شامل ہیں، معاشرے کی ترقی کیلئے موجودہ استحصال زدہ فرسودہ نظام اور کالے قوانین کا خاتمہ ضروری ہے جو ایم کیوایم کے منشور کا حصہ ہے، گھریلو صنعتوں کے قیام کیلئے خواتین کی حوصلہ افزائی کی اشد ضرورت ہے تاکہ خواتین بھی معاشرے میں اپنا مثبت وفعال کردار ادا کرسکیں، ملک بھر میں تعلیمی اداروں کا جال بچھایا جائے جہاں پیشہ وارانہ فنی تعلیم کو فروغ دیا جاسکے تاکہ تعلیم یافتہ افرادی قوت پاکستان کی خوشحالی اور ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔انہوں نے کارنرمیٹنگز میں شریک تمام خواتین کو ایم کیوایم کے زیر اہتمام 19 فروری 2012ء کو باغ جناح میں ہونیوالے خواتین کے جلسہ عام میں بھر تعداد میں شرکت کرنے کی اپیل کی ۔کارنرمیٹنگوں میں موجود خواتین نے ایم کیوایم کی رکنیت سازی کے فارم حاصل کئے۔

## ایم کیوایم کی جانب سے جاری رکنیت سازی مہم میں صوبہ پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کے شہروں اور دیہات میں کیمپوں کا انعقاد

## ایم کیوایم میں شمولیت، عوام میں غیر معمولی جوش وخروش، روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کی تعداد میں فارمز پر کئے جا رہے ہیں،

## ایم کیوایم کے شانہ بشانہ ہر کٹھن اور مشکل حالات میں ساتھ نبھانے کے عزم کا اظہار

کراچی۔۔۔۔11 فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے جاری رکنیت سازی مہم کا سلسلہ تیسرے روز بھی انتہائی نظم وضبط اور کامیابی کے ساتھ صوبہ پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور دیگر علاقوں میں جوش وجذبے سے جاری رہا، اس سلسلے میں آزاد کشمیر، خیبر پختونخواہ، اور سندھ میں کئی مقامات پر رکنیت سازی کے کیمپس لگائے گئے جہاں ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے عوام کو فارمز فراہم کیے اور انہیں پر کرنے کی غرض سے رہنمائی کی، اس موقع پر کیمپ پر موجود بڑی تعداد میں موجود عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جدوجہد دراصل وطن عزیز سے جاگیردارانہ، سرمایہ دارانہ، کرپٹ موروثی سیاست کے خاتمے، عوام کی حکمرانی، کرپشن سے ملک کو پاک کرنے کے لیے ہے، ایم کیوایم ایک بڑی چٹان بن چکی ہے جو بھی ٹکرائے گا وہ پاش پاش ہوجائے گا، ایم کیوایم غریب مظلوم ومحروم عوام کے دلوں کی آواز ہے جو عوام الناس میں شعور اجاگر کرنا چاہتی ہے اور اس سلسلے میں کوئی رکاوٹ ناقابل برداشت ہوگی، ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لیے موروثی سیاست کا خاتمہ کرتے ہوئے عوام کی حکمرانی قائم کرنی ہوگی اور ایک ایسا خودمختار ملک بننا ہوگا کہ جسے کوئی اپنی میلی آنکھ سے دیکھنے کی ہمت نہ کرسکے مگر اسکے لیے ہمیں بہت محنت اور لگن سے کام کرنے کی ضرورت ہے اور رکنیت حاصل کرنے والے کارکنان ایم کیوایم کے حقیقت پسندی اور عملیت پسندی پر عمل کرتے ہوئے ملک کی ترقی میں اہم ترین کردار ادا کرسکیں گے، اس موقع پر کیمپ میں موجود ذمہ داران نے رکنیت حاصل کرنے والے افراد کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر کیمپس پر موجود رکنیت حاصل کرنے

والوں نے کہا کہ عوام میں شعور اور بیداری پیدا ہوچکی ہے، وہ یہ بات جان چکے ہیں کہ انقلابی تبدیلی کی جدوجہد میں قائد تحریک الطاف حسین حق کی آواز بلند کرتے ہوئے جس انداز سے بہا نگ دہل فرسودہ، جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کی کھل کر مخالفت کررہے ہیں اس سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ جناب الطاف حسین نہ کسی سے ڈرتے ہیں اور نہ کسی کی دھونس دھمکی میں آتے ہیں، قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر ایم کیوایم نے ملک گیر سطح پر بلاتفریق رنگ نسل و مذہب عوام کی خدمت کرکے دلوں میں جگہ بنالی ہے، اس موقع پر ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹرز و یونٹس ذمہ داران نے رکنیت حاصل کرنے والوں کو مبارکباد پیش کی۔

## قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام حق پرستی غریب ومظلوم عوام کی ترجمانی کررہا ہے، حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل

## ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں تیسرے روز ایم کیوایم حیدرآباد سیکٹر قاسم آباد کے زیراہتمام ممبر سازی کیمپ کا انعقاد

حیدرآباد:۔۔۔11فروری2012ء

ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں تیسرے روز بھی متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد سیکٹر قاسم آباد کے زیراہتمام نسیم نگر چوک پر ممبر سازی کیلئے کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے اراکین زونل کمیٹی توحید احمد، ظفر احمد صدیقی، اقبال قریشی، افتخار قائم خانی، عابد غوری اور حق پرست ایم پی اے اکرم عادل نے سیکٹر کے ذمہ داران کے ہمراہ کیمپ کا دورہ کیا اور رکنیت سازی فارم پر کئے کیمپ پر علاقے کی عوام کثیر تعداد موجود تھی اور عوام نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے اور رکنیت سازی مہم میں بھرپور حصہ لیا۔اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی اکرم عادل نے کیمپ پر موجود عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام حق پرستی غریب ومظلوم عوام کی ترجمانی کررہا ہے اور ایم کیوایم کی طرف غریب ومتوسط طبقہ کے بڑھتی ہوئی دلچسپی یہ بات عکاسی کررہی ہے کہ اب اس ملک میں غریب ومظلوم عوام کی حکمرانی قائم ہونے والی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کی مظلوم ومحکوم عوام کی کثیر تعداد نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے کیلئے رکنیت سازی مہم میں حصہ لے کر یہ ثابت کررہی ہے کہ اب اس ملک کی عوام ملک میں رائج فرسودہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے۔

## مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں انکے فکر وفلسفہ پر عمل پیرا ہوکر ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کردیں گے، ڈاکٹر فوزیہ

## 19فروری کو باغ جناح گراونڈ میں ایم کیوایم کی جانب سے ہونے والا خواتین کا جلسہ عام ملک میں مثبت تبدیلیوں میں اہم کردار ادا کریگا

## سیکٹر کینٹ میں منعقد ہونے والے خواتین کے اجلاس سے خطاب

حیدرآباد:۔۔۔11فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد شعبہ خواتین کی انچارج ڈاکٹر فوزیہ نے کہا ہے کہ پاکستان کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی عوام مسائل میں گھیری ہوئی ہے اور مظلوم عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات میسر نہیں ہیں یہ سب موروثی سیاست اور فرسودہ نظام کی بدولت ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکٹر کینٹ میں منعقد ہونے والے خواتین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں شعبہ خواتین حیدرآباد کی ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ علاقے کی خواتین کی کثیر تعداد موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں بسنے والے تمام قومیتوں، مذہبی اقلیتوں اور خواتین سمیت مظلوم ومحکوم عوام کے مسائل کے حل اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے موروثی سیاست کے خاتمے اور فرسودہ نظام کی تبدیلی چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 19 فروری کو باغ جناح گراونڈ میں ایم کیوایم کی جانب سے ہونے والا خواتین کا جلسہ عام ملک میں تبدیلیوں میں اہم کردار ادا کریگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم عوامی طاقت سے یہ ثابت کردیگی کہ اس ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم عوام نے فرسودہ نظام اور موروثی سیاست کے حامیوں کو مسترد کردیا ہے اور اب وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں انکے فکر وفلسفہ پر عمل پیرا ہوکر ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کردیں گے۔

☆☆☆☆☆